# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**
**Date : 23 August 2026**
**Time : 09:25 AM**

## Opening

آداب
یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔خبروں کا بلیٹن لیکر میں بصارت گل ۔

ایل جی IIM

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ تعلیم کو لیکچر ہال تک محدود رکھنے کے بجائے اسے عملی تجربات سے جوڑنے کی ضرورت ہے ۔ انہوں نے کہا کہ ہر طالب علم کو تعلیم مکمل کرنے سے قبل کسی منصوبے پر کام کرنے کا موقع بھی ملنا چاہیے ۔

وہ آئی آئی ایم جموں کے دس سال مکمل ہونے کی تقریب سے خطاب کر رہے تھے ۔لیفٹیننٹ گورنر نے تحقیق کو ادارے کی ترجیح قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس ادارے کو ملک کے کاروباری تقاضوں پر مبنی کیس اسٹڈیز تیار کرنے اور جموں وکشمیر ولداخ کے منفرد چیلنجز کو تعلیمی تحقیق کا حصہ بنانے پر توجہ دینی چاہیے ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ تعلیمی ادارے نہ صرف تعلیم یافتہ لڑکیاں بلکہ پُراعتماد نوجوان خواتین تیار کر رہے ہیں جن کا اعتماد جموں وکشمیر کے محفوظ مستقبل کی ضمانت ہے ۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم کا مقصد بچوں کو صرف پیروی اور اطاعت سکھانا نہیں بلکہ انہیں سوال کرنے، آزادانہ سوچ رکھنے اور اپنے مطالبات اجاگر کرنے کے قابل بھی بنانا ہے ۔

وہ راجباغ سرینگر میں ایک تعلیمی ادارے کی سالانہ دن تقریب پر اظہار خیال کر رہے تھے ۔ اس موقعہ پر عمر عبداللہ نے کہا کہ بیٹیوں کے لیے محفوظ اور مساوی ماحول فراہم کرنا معاشرے کی اجتماعی ذمہ داری ہے ۔

سکینہ ایتو

صحت وطبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت دیہی علاقوں میں طبی نگہداشت کے بنیادی ڈھانچے کو مستحکم کرنے کی وعدہ بند ہے ۔انہوں نے کہا کہ شہریوں کیلئے معیاری اور قابل رسا صحت خدمات دستیاب کرانے کیلئے

حکومت متعدد اقدامات کر رہی ہے۔ وہ کولگام کے کلورہ ڈی ایچ پورہ میں گورنمنٹ آیوش ڈسپنسری کی نئی عمارت کا افتتاح کرنے کے موقعے پر لوگوں کے ایک اجتماع سے خطاب کر رہی تھیں۔

رانا

جنگلات وماحولیات کے وزیر جاوید احمد رانا نے کہا ہے کہ پی ایم ون دھن وکاس یوجنا کی عمل آوری سے قبائیلی طبقے کے لئے روزگار کے زیادہ سے زیادہ مواقعے پیدا ہونے کے ساتھ ساتھ اس طبقے کی خواتین کو بااختیار بنانے میں بھی مدد ملے گی۔ وہ جموں میں ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران اس اسکیم کی عمل آوری میں پیش رفت کا جائزہ لے رہے تھے۔

کالج

جموں وکشمیر کے سرکاری کالجوں میں امسال انڈر گریجویٹ داخلوں میں 16 فیصد کا اضافہ درج ہوا ہے۔ رواں تعلیمی سیشن کے پہلے مرحلے میں یوٹی بھر کے 106 ڈگری کالجوں میں 47 ہزار 150 انڈر گریجویٹ طلبا نے داخلہ لیا ہے۔
ڈائریکٹر کالجز ڈاکٹر شیخ اعجاز بشیر نے کہا کہ قومی سطح پر اعلیٰ تعلیم کے کئی شعبوں میں داخلوں کے رجحان میں کمی کے تناظر میں یہ اضافہ خاص اہمیت کا حامل ہے۔

جسٹس سنجیو کمار

جموں وکشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کے قائمقام چیف جسٹس جسٹس سنجیو کمار نے کہا ہے کہ جغرافیائی فاصلے دشوار گزار علاقوں میں کبھی بھی انصاف کی راہ میں رکاوٹ نہیں بننے چاہئیں۔ گورنمنٹ ڈگری کالج ٹنگڈار میں قانونی بیداری سے متعلق ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے اس بات پر زور دیا ہے انصاف کی فراہمی کا نظام معاشرے کے ہر طبقے کے لیے قابلِ رسا ہونا چاہیے۔

ہینڈی کرافٹس

جموں وکشمیر کی روایتی دستکاری صنعت کی خصوصیات کو برقرار رکھنے کیلئے ایک اہم پیش رفت کے تحت محکمہ ہینڈی کرافٹس اینڈ ہینڈلوم نے سری نگر میں اپنی کوالٹی کنٹرول ڈویژن میں QR GI کوڈ مینجمنٹ سسٹم کا باضابطہ آغاز کیا۔
اس عمل کا مقصد ہاتھ سے بنی مصنوعات کی اصلیت کی تصدیق کرنا اور انہیں مارکیٹ میں مناسب قیمت دلانا ہے۔
محکمے نے کاریگروں، بُنکروں اور دیگر متعلقین سے کہا ہے کہ وہ اپنی مصنوعات پر لیبل لگوائیں تا کہ کشمیر کی شاندار دستکاریوں کا برانڈ ویلیو برقرار رکھا جاسکے۔

ڈائریکٹرایگریکلچر

ڈائریکٹرایگریکلچر کشمیر، سرتاج احمد شاہ نے کہا کہ محکمہ بیج کی افزائش کے تمام مراکز کو ماڈل فارمز میں تبدیل کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ وہ کاشتکاری کے مختلف پہلوؤں کیلئے ماحول دوست حکمت عملی مرتب کریں۔ وہ Seed Multiplication Farm تاپر پٹن کے دورے کے دوران جاری زرعی سرگرمیوں کا جائزہ لے رہے تھے۔

ڈی سی سرینگر

ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو، جو ضلع سینک ویلفیئر بورڈ' کے صدر بھی ہیں، نے کہا ہے کہ انتظامیہ سابق فوجیوں اور ان کے زیر کفالت افراد کی فلاح و بہبود اور انہیں محفوظ و آرام دہ رہائش فراہم کرنے کیلئے پُرعزم ہے۔ان باتوں کا اظہار انہوں نے ضلع سینک بھون، سرینگر میں اضافی رہائشی بلاک کا سنگِ بنیاد رکھنے کے دوران کیا۔اس موقعہ پر سینک ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کے ڈائریکٹر، بریگیڈیئر پنکج چب بھی موجود تھے۔

ایوارڈ

مرکزی وزارت تعلیم نے اس سال کے نیشنل ٹیچرس ایوارڈس کا اعلان کیا ہے۔اس سال محکمے کی طرف سے ضلعی، ریاستی اور قومی سطح کے سہ رُخی سلیکشن عمل کے ذریعے سے قومی ایوارڈس کیلئے 48 اساتذہ کو نامزد کیا گیا ہے جن میں جموں وکشمیر کے راجوری ضلعے کے ہائر سکینڈری اسکول دلہوری میں بطور لیکچر رتعینات محمد ایاض رینہ بھی شامل ہیں۔صدرجمہوریہ دروپدی مرمو 5 ستمبر کو یوم اساتذہ کے موقعے پر وگیان بھون نئی دلی میں ان اساتذہ کو یہ ایوارڈس عطا کریں گی۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **15** شاریہ **9** ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **21** شاریہ **1** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

**Closing**

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ